**SET-4**

**Series AQ@QA/C**

سوالنامہ کوڈ
**Q.P. Code** **5A**

رول نمبر
Roll No. | | | | | | | | |

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **8** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا سوالنامہ کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہے۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد **19** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **19** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اردو (کورس A)

# URDU (Course A)

وقت : ۲ گھنٹے | کل نمبر : ۴۰

*Time allowed : 2 hours* | *Maximum Marks : 40*

***Instructions*** :

*(i)* *This question paper contains 3 sections and total 19 questions.*

*(ii)* *Section A is based on Reading Comprehension.*

*(iii)* *Section B is based on Writing Skills, Functional Grammar and Supplementary Reader.*

*(iv)* *Section C is based on Text-Books.*

*(v)* *Write answers according to the Specific Instructions.*

**ہدایات :**

(i) یہ سوال نامہ تین حصوں میں پوچھے گئے 19 سوالوں پر مشتمل ہے۔

(ii) 'حصہ-الف' میں عبارت فہمی پر مبنی سوالات کیے گئے ہیں۔

(iii) 'حصہ-ب' میں انشا پردازی اور عملی قواعد سے متعلق سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(iv) 'حصہ-ج' میں درسی اور معاون درسی کتاب میں سے سوالات دیے گئے ہیں۔

(v) ہدایات کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

## Section-A (10 Marks)

## حصہ-الف (10 نمبر)

**1.** مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ *5×1=5*

(الف)

ہاکی ہندوستان کا قومی کھیل ہے۔ یہ کھیل بہت سے ملکوں میں نہایت مقبول ہے۔ اس کھیل کی شروعات کب اور کہاں ہوئی، اس بارے میں کچھ بھی یقین سے نہیں کہا جاسکتا۔ تاریخی شہادتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ پرانے زمانے میں کئی ملکوں میں ہاکی جیسا ایک کھیل رائج تھا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کھیل کی ابتدا

تقریباً دو ہزار سال قبلِ مسیح ایشیا میں ہوئی۔ لیکن یہ اشارے بھی ملتے ہیں کہ عرب، روم اور ایتھوپیا وغیرہ میں بھی اس سے ملتا جلتا کھیل رائج تھا۔ ہر جگہ کے لوگ اس کھیل کو اپنے اپنے اصولوں کے مطابق کھیلتے اور الگ الگ ناموں سے پکارتے تھے۔اسے روم میں پیگانیکا، انگلینڈ میں کامبوکا، اسکاٹ لینڈ میں شنٹی، فرانس میں جین دی میل اور نیدر لینڈ میں نیٹ کولون کہتے تھے۔اب تک حاصل معلومات کے مطابق یہ کھیل پہلی مرتبہ ٹیم بنا کر 478 قبلِ مسیح میں کھیلا گیا۔

(i) ہمارے ملک کا قومی کھیل کیا ہے؟

(ii) تاریخی شہادتوں سے اس کھیل کی شروعات کے بارے میں کیا معلوم ہوتا ہے؟

(iii) اس کھیل کی ابتدا تقریباً کتنے سال پہلے اور کہاں ہوئی؟

(iv) روم اور انگلینڈ میں اس کھیل کو کیا کہتے تھے؟

(v) یہ کھیل پہلی مرتبہ ٹیم بنا کر کب کھیلا گیا؟

**یا**

**(ب)**

نامہ نہ کوئی یار کا پیغام بھیجیے    اس فصل میں جو بھیجیے تو دس آم بھیجیے
ایسے ضرور ہوں کہ انھیں رکھ کے کھا سکوں    پختہ اگرچہ بیس تو دس خام بھیجیے
معلوم ہی ہے آپ کو بندے کا ایڈریس    سیدھے الہٰ آباد مرے نام بھیجیے
ایسا نہ ہو کہ آپ یہ لکھیں جواب میں    تعمیل ہوگی ، پہلے مگر دام بھیجیے

(i) اس نظم میں کس چیز کی فرمائش کی گئی ہے؟

(ii) شاعر نے کس قسم کے آم بھیجنے کے لیے کہا ہے ؟

(iii) شاعر نے یہ کیوں کہا کہ آپ کو بندے کا ایڈریس (پتا) معلوم ہی ہے ؟

(iv) آخری شعر میں شاعر نے کس بات کا خوف ظاہر کیا ہے ؟

(v) نظم میں سے پختہ کا متضاد تلاش کیجیے۔

**2.** مندرجہ ذیل درسی اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ $5 \times 1 = 5$

(الف)

ایک بزرگ اپنے نوکر کو فہمائش کر رہے تھے کہ تم بالکل گھامڑ ہو۔ دیکھو میر صاحب کا نوکر ہے اتنا دور اندیش کہ میر صاحب نے بازار سے بجلی کا بلب منگایا تو ایک بوتل مٹی کے تیل کی اور دو موم بتیاں بھی لے آیا کہ بلب فیوز ہو جائے تو لالٹین سے کام چل سکتا ہے۔ اس کی چمنی ٹوٹ جائے یا بتی ختم ہو جائے تو موم بتی روشن کی جا سکتی ہے۔ تم کو ٹیکسی لینے بھیجا تھا، تم آدھے گھنٹے بعد ہاتھ لٹکائے آ گئے۔ کہا کہ جی ٹیکسی تو ملتی نہیں، موٹر رکشا کہیے تو لیتا آؤں۔ میر صاحب کا نوکر تو موٹر رکشا لے کے آیا ہوتا کہ دوبارہ جانے کی ضرورت نہ پڑتی۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے ؟

(iii) بزرگ نے اپنے نوکر کو سمجھانے کے لیے کس کی مثال دی؟

(iv) ایک بوتل مٹی کے تیل کی اور دو موم بتیاں کیوں لائی گئیں ؟

(v) میر صاحب کا نوکر ہوتا تو کیا کرتا؟

**یا**

(ب)

اُٹھو دیکھو وہ آندھی آ رہی ہے
اُفق پر برق سی لہرا رہی ہے
قیامت ہر طرف منڈلا رہی ہے
زمیں ہچکولے پیہم کھا رہی ہے
اُٹھو دیکھو وہ آندھی آ رہی ہے

(i) مندرجہ بالا اقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ii) اس نظم کا شاعر کون ہے؟

(iii) شاعر کن لوگوں کو آندھی آنے کی خبر دے رہا ہے؟

(iv) زمین کی کیا حالت ہے؟

(v) اقتباس میں ''برق'' کے کیا معنی ہیں؟

## Section-B (18 Marks)

## حصہ-ب (18 نمبر)

**3.** درج ذیل درخواست اور خط میں سے کوئی ایک تحریر کیجیے۔ 5

(i) اپنے دوست کو خط لکھ کر اسے دسویں جماعت میں پاس ہونے کی مبارکباد دیجیے۔

(ii) کسی قریبی رشتہ دار کے اسپتال میں داخل ہونے کے سبب اسکول سے دو دن کی رخصتی کے لیے درخواست لکھیے۔

**4.** درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف تین کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ $3\times1=3$

(i) چوکس رہنا

(ii) خدا لگتی کہنا

(iii) باغ باغ ہونا

(iv) اشرفیاں لٹیں اور کوئلوں پر مہر

(v) بد اچھا بد نام بُرا

(vi) ابھی دلّی دُور ہے

**5.** 'کالم الف' میں لکھی شعری اصطلاحات کو 'کالم ب' میں درج اُن کی صحیح تعریف سے جوڑیے۔ $4\times\frac{1}{2}=2$

| (کالم۔الف) | | (کالم۔ب) | |
|---|---|---|---|
| (i) | مصرع | (a) | عام طور پر اشعار میں قافیے کے بعد جو لفظ یا الفاظ دہرائے جاتے ہیں. |
| (ii) | قافیہ | (b) | شعر کے دو حصّے ہوتے ہیں۔ ہر حصّے کو کہا جاتا ہے |
| (iii) | ردیف | (c) | وہ لفظ جو یکساں آواز اور یکساں حرف یا حروف پر ختم ہوتے ہیں۔ |
| (iv) | شعر | (d) | وہ کلام جس میں لفظوں کی ایک ایسی خاص ترتیب ہو اور اس سے لے، نغمگی، آہنگ اور اثر پیدا ہو جائے۔ |

**6.** مطلع یا مقطع کی تعریف لکھیے۔ 2

**7.** نظم یا رباعی کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔ 3

**ہدایت** : سوال نمبر 8-9 معاون درسی کتاب پر مشتمل ہیں۔ سوالوں میں درج ہدایات کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

**8 .** درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 2

(i) افسانہ ''سلطان'' یا ''دوشالہ'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

(ii) ہر شام مایوس لوٹنے کے بعد بھی من کا طوطا گھر سے کیوں نکل جاتا ہے؟ (من کا طوطا)

**9 .** درج ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 1

(i) مرزا چپاتی کون تھے اور ان کا حلیہ کیا تھا؟

(ii) خاکہ نگار نے کیوں کہا کہ جگرؔ صاحب کی باتیں غزل کے شعر ہوتی ہیں؟

## Section-C (12 Marks)

**حصہ۔ج** (12 نمبر) ( 6×2=12 )

**ہدایت** : سوال نمبر 10 سے سوال نمبر 19 درسی اسباق پر مشتمل ہیں۔ ان میں سے صرف 6 سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کے بعد متعلقہ سبق کا نام بھی دیا گیا ہے۔

**10.** سپاہی سلمیٰ اور کشن کنور کو کیوں گرفتار کرنا چاہتے تھے۔ (آزمائش)

11. مولوی عبدالحق نے مخلوط زبان کی کیا خصوصیات بتائی ہیں ؟۔(مخلوط زبان)

12. شاعری میں مسدّس کے کیا معنی ہیں ؟۔(چکبست لکھنوی)

13. اخبارات میں اشتہارات چھپوانے کے مقاصد بتائیے۔(اشتہارات 'ضرورت نہیں ہے' کے)

14. سبق ''مخلوط زبان'' یا ''ماحول بچائیے'' کا خلاصہ لکھیے۔

15. ''موت ملے تو مفت نہ لوں، ہستی کی کیا ہستی ہے''اس مصرعے سے شاعر کی کیا مراد ہے۔(غزل: فانی)

16. شاعر نے ''آلامِ روزگار'' کو آسان بنانے کے لیے کیا کیا؟(غزل :اصغر)

17. نظم ''گرمی اور دیہاتی بازار میں'' دوستوں کی شکل پر بیگانگی کی وجہ بتائیے۔

18. وطن سے آنے والے شخص سے شاعر کیا کیا پوچھتا ہے ؟(او دیس سے آنے والے بتا)۔

19. نظم ''گرمی اور دیہاتی بازار'' یا ''آندھی'' کا خلاصہ لکھیے۔